سوال

قبر پرستوں کے پیچھے نماز

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاتہ

اس امام کے پیچھے نماز کا کیا حکم ہے جو کسی ولی کی قبر کے بارے میں یہ عقیدہ رکھتا ہو کہ یہ نفع ونقصان کا مالک ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاتہ!
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اس امام کے پیچھے نماز صحیح اور جائز نہیں ہے۔ کیونکہ فوت شدگان کے بارے میں نفع نقصان کا عقیدہ رکھنا ربوبیت میں شرک اکبر ہے اس طرح مردوں سے دعاء کرنا ان سے مدد مانگنا ان کے نام کی نذر ماننا اور ان کے ناموں پر جانور ذبح کرنا عبادت میں شرک اکبر ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص393

محدث فتویٰ